© rasailojaraid.com



**ملیریا:** مؤلف: مولانا ڈاکٹر عبدالحیؒ (ہومیوپیتھ) ناشر: ہومیوپیتھک ٹرسٹ ۔ ۴۰ علامہ اقبال روڈ لاہور۔ صفحات: ۲۳۲ - سائز $\frac{23\times36}{16}$ - جلد پیپر بیک، سفید کاغذ، معیاری کتابت قیمت: ۲۰/- روپے (محصول ڈاک دو روپیہ بیس پیسے)۔

کتاب کے مؤلف ملک کے نامور بزرگ مولینا عبدالحیؒ ہیں، جو روحانی و جسمانی ہر دو امراض کے معالج جانے جاتے ہیں۔

اپنے موضوع پر کتاب ایک مکمل اور جامع دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ موصوف نے ملیریا کے عنوان پر ہر اعتبار سے سیر حاصل بحث فرمائی ہے۔ مثلاً ملیریا کے باب میں مختلف نظریات، مختلف خطوں میں اس کے اسباب و علاج، اس کی روک تھام کی مؤثر عملی تدابیر۔ کتاب کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ اس بیماری کے علاج بالمثل (ہومیوپیتھک طریقۂ علاج) میں تینتیس ۳۳ ادویہ ہیں، یعنی ہر علامت اور ہر سبب کے لیے جدا دوا ہے۔ اس دوا کا انتخاب ہی اصل کام ہے۔ ڈاکٹر عبدالحیؒ صاحب نے دوا کے انتخاب کا مسئلہ اس قدر آسان کر دیا ہے کہ اس کتاب کی مدد سے ایک عامی بھی بہت حد تک یہ کام کر سکے گا۔ اس لیے یہ کتاب معالجین کے لیے اس موضوع کی دائرۃ المعارف ہے۔ یہ ہر قسم کے افراد کے لیے بہترین رہنما ہے۔

اِس کتاب کی آمدنی ہومیوپیتھک ٹرسٹ رفاہی ادارے کے فنڈ میں جمع ہو کر ایک صدقہ جاریہ میں شامل ہو جائے گی۔

---

تحریکِ اسلامی کا جملہ لٹریچر حاصل کرنے کے لیے رجوع کریں
پین اسلامک پبلشرز ۔ ۱۳/۲ اے شاہ عالم مارکیٹ لاہور

© rasailojaraid.com